باب 5

بنیادی اشکال کو سمجھنا
(Understanding Elementary Shapes)

5.1 تعارف (Introduction)

ہمارے آس پاس جو شکلیں نظر آتی ہیں وہ یا تو بند خطوط سے بنی ہوئی ہوتی ہیں یا منحنی سے۔ ہم اپنے چاروں طرف مختلف کونے، کنارے، مستوی، کھلے منحنی اور بند منحنی وغیرہ دیکھتے ہیں۔ ہم ان کی درجہ بندی بھی کرتے ہیں۔ قطعات خط، زاویوں، مثلثوں، کثیر ضلعی اور دائرے وغیرہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ یہ مختلف سائز اور مختلف پیمائش کے ہوتے ہیں۔ آیئے اب ہم ان کے سائز کا موازنہ کرنے کے لیے مختلف طریقے نکالتے ہیں۔

5.2 قطعات خط کی پیمائش (Measuring Line Segments)

ہم نے بہت سے قطعات خط دیکھے اور بنائے ہیں۔ مثلث تین قطعات خط سے بنتا ہے جب کہ چار ضلعی چار قطعات خط سے۔

ایک قطعہ خط، خط کا ایک طے شدہ حصہ ہے اس لیے قطعہ خط کو ناپنا ممکن ہو جاتا ہے۔ ہر قطعہ خط کی پیمائش ایک منفرد عدد ہوتا ہے جس کو اس کی لمبائی کہتے ہیں۔ ہم اس تصور کو قطعہ خط کا موازنہ کرنے کے لیے استعمال کریں گے۔

دو قطعات خط کا موازنہ کرنے سے ہم ان کی لمبائیوں میں ایک تعلق معلوم کریں گے۔ یہ کئی طریقوں سے کیا جاسکتا ہے۔

(i) مشاہدہ کے ذریعے موازنہ کرنا (Comparison by Observation)

کیا آپ ان کو صرف دیکھ کر بتا سکتے ہیں کہ کون سا قطعہ خط لمبا ہے؟

آپ دیکھ سکتے ہیں کہ $\overline{AB}$ لمبا ہے۔

© NCERT not to be republished